**11-05-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**
**آداب**
**یہ آکاشوانی ہے**
**خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد**
**---------------------------------**

* لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔ اس مرحلے میں پیر کے روز 96 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔
* انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ لوک سبھا چناؤ کے تیسرے مرحلے میں 65 اعشاریہ چھ آٹھ فیصد افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔
* برازیل میں اچانک سیلاب آنے سے 120 سے زیادہ افراد کی موت ہوئی ہے۔ افغانستان کے بغلان صوبے میں اچانک سیلاب آنے سے مرنے والوں کی تعداد 300 سے تجاوز کر گئی ہے۔
* موسمیات محکمے نے ملک کے کئی حصوں میں منگل تک تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
* اور تھائی لینڈ میں پیرا پاور لفٹنگ ورلڈ کپ میں بھارت کی سکینہ خاتون نے کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

**---------------------------------**

## Campaining

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی چناؤ مہم ختم ہوگئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آندھراپردیش میں واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ اور اڈیشہ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی انتخابی مہم بھی آج شام ختم ہوگئی۔

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں پیر کے روز 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 96 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ ان میں اترپردیش کی 13 سیٹیں، مہاراشٹر میں 11، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال میں آٹھ-آٹھ، بہار میں پانچ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں چار-چار نیز مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر کی ایک سیٹ کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔اِس مرحلے میں آندھراپردیش کی 25 پارلیمانی سیٹوں اور تلنگانہ میں 17 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔اِس کے ساتھ ساتھ پیر کو ہی آندھراپردیش کی سبھی 175 اسمبلی سیٹوں اور اڈیشہ اسمبلی کی 147 سیٹوں میں سے 28 سیٹوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کئی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈروں نے اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی خاطر ایک کے بعد ایک ریلیاں کیں۔وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج اڈیشہ میں کندھمال، بولانگیر اور بارگڑھ میں ریلیوں سے خطاب کیا۔مرکزی وزیر اور BJP کے لیڈر امت شاہ نے آج تلنگانہ میں Vikarabad میں ایک جلسہئ عام سے خطاب کیا۔ BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا نے آندھراپردیش میں تِروپتی میں روڈ شو کیا۔اِدھر کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بہار کے سمستی پور میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکاگاندھی نے شمالی مہاراشٹر کے نندربار ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے آندھراپردیش میں Kadapa لوک سبھا حلقے میں ایک جلسہئ عام سے خطاب کیا۔اِدھر انتخابی کمیشن پیر کو ہونے والی پولنگ کے پُرامن انعقاد کیلئے سبھی ضروری اقدامات کر رہا ہے۔x

## Ranchi PM Rally

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے چترا لوک سبھا حلقے کے سِمریا میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ ملک کی تعمیر کے لیے الیکشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ الیکشن ایک ایسا الیکشن ہے جس سے بچوں کے مستقبل کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت غریبوں کی مشکلات کو ذہن میں رکھ کر اسکیمیں بنا رہی ہے۔×

## Pune Nitin Gadkari

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ معیشت کو مضبوط بنانے اور بھارت کو دنیا کا رہنما بنانے کے لیے بھارت کو ایک مضبوط قیادت کی ضرورت ہے۔ وہ پنے میں آج BJP کے مہایوتی سے امیدوار مُرلی دھر مُوہول کے لیے انتخابی مہم میں حصہ لیتے ہوئے

خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ مرکزی حکومت نے 60 برس میں کانگریس کی کارکردگی کے مقابلے 10 برس میں تین گنا کام کیا ہے۔ جناب گڈکری نے الزام لگایا کہ کانگریس کا کوئی ترقیاتی ایجنڈا نہیں ہے۔پنے شہر کے مستقبل کی ترقی کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے جناب گڈکری نے ایک اور پُنے شہر کی تعمیر کی بات کو دوہرایا، کیونکہ موجودہ بنیادی ڈھانچہ اُس کی ترقی میں کم پڑ رہا ہے۔ BJP کے ریاستی صدر چندر شیکھر باوَنکُلے، ریاستی وزیر چندر کانت پاٹل، راجیہ سبھا کی ممبر میدھا کُلکرنی اور دیگر اِس موقعے پر موجود تھے۔×

**Bihar Tejaswi**

آر جے ڈی کے سینئر لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے الزام لگایا کہ BJP ریزرویشن کو ختم کرنے اور سیاسی مفادات کے لیے بھارتی آئین کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ RJD کے امیدوار للت کمار یادو کی حمایت میں دربھنگہ کے علی نگر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے سابق نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر 'آئی این ڈی آئی اے' اتحاد اقتدار میں آتا ہے تو وہ ہر سال نوجوانوں کو ایک کروڑ سرکاری ملازمتیں مہیا کرائے گا۔×

**Maha Fourth Phase Eletion with VC**

اِدھر مہاراشٹر میں بھی لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہوگئی۔ اِس مرحلے میں ریاست میں اورنگ آباد، جالنا، Beed، نندربار، جلگاؤں، Raver، Maval، پونے، Shirur، احمدنگر اور شرڈی میں 11 حلقوں میں پیر کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

**VC-Madhuri Pange**

مہاراشٹر میں لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوگئی۔ تقریباً دو کروڑ 28 لاکھ ووٹر 298 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ ووٹنگ کیلئے کُل 23 ہزار 284 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ اِس مرحلے میں جو سرکردہ امیدوار چناؤ میدان میں ہیں اُن میں مرکزی وزیر مملکت راؤ صاحب Danve، ریاستی حکومت کے وزراSandipan Bhumre، Ravindra ،Muraleidhar Mohol ،Chandra Kant Khaire،Pankaja Munde Heena پارلیمنٹ ارکان موجودہ ہیں۔ شامل Vasant More اور Dhangekar Gavit،Raksha Khadse، امتیاز جلیل،Amol Kolhe، Srirang Barne اور سُجے وِکھے پاٹل بھی اس مرحلے میں چناؤ لڑ رہے ہیں۔

**EC 3rd Phase Voter Percent**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں ووٹنگ کا فیصد کُل 65 اعشاریہ چھ آٹھ فیصد رہا۔ اس میں 66 اعشاریہ آٹھ نو فیصد مرد ووٹر، 64 اعشاریہ چار ایک فیصد خواتین ووٹر اور 25 اعشاریہ دو فیصد مخنث ووٹر شامل ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق آسام میں خواتین کا ووٹنگ فیصد سب سے زیادہ 85 اعشاریہ تین چار فیصد رہا، جس کے بعد مغربی بنگال میں 83 اعشاریہ صفر ایک فیصد خواتین نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اترپردیش میں سب سے کم 56 اعشاریہ صفر ایک فیصد خواتین نے ووٹنگ کی جس کے بعد گجرات میں خواتین ووٹروں کا فیصد 56 اعشاریہ پانچ چھ فیصد رہا۔ گووا میں مخنث کا ووٹنگ فیصد سب سے زیادہ 75 فیصد رہا۔

اس مرحلے کے تحت 10 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 93 لوک سبھا حلقوں میں ووٹنگ ہوئی تھی۔ تیسرے مرحلے کے تحت گجرات کی 25، کرناٹک کی 14، مہاراشٹر کی 11، اتر پردیش کی 10، مدھیہ پردیش کی 9، چھتیس گڑھ کی 7، بہار کی 5، آسام اور مغربی بنگال کی چار-چار، گوا، دادر اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کی دو-دو سیٹوں پر ووٹ ڈالے گئے تھے۔ تیسرے مرحلے کے اختتام کے ساتھ عام انتخابات 2024 کے لیے 20 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 283 سے زیادہ پارلیمانی سیٹوں پر ووٹنگ مکمل ہوچکی ہے۔ اس مرحلے میں کُل ایک ہزار 331 امیدوار چناؤ میدان میں تھے۔×

**Kharge ECI**

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے انتخابات کے ہر مرحلے کے بعد ووٹ ڈالنے والے رائے دہندگان کا اوسط فیصد شائع کرنے کیلئے چناؤ کمیشن کی جانب سے اختیار کئے گئے طریقۂ کار پر اعتراض کیا ہے۔ انتخابی کمیشن کو بھیجے گئے ایک مراسلے میں جناب کھڑگے نے کمیشن کو تجویز کیا ہے کہ ڈالے گئے ووٹوں کی مجموعی صحیح تعداد کا اعلان کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ

کئی رائے دہندگان، جو انتخابات میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں، وہ ڈالے گئے ووٹوں کی حقیقی تعداد بھی جاننا چاہیں گے۔

جناب کھڑگے نے یہ سوال بھی کیا کہ انتخابی کمیشن حکمراں پارٹی کے اُن لیڈروں کے کھلے طور پر فرقے وارانہ اور ذات پر مبنی بیانات کی بنا پر کارروائی کرنے میں تیزی کیوں نہیں دِکھا رہا ہے، جن سے چناؤ عمل کا ماحول خراب ہوتا ہے۔x

## Jaishankar Arbitration

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ بھارت میں ثالثی کا عمل میک اِن انڈیا کا ایک اہم رخ ہے اور ثالثی وِکست بھارت کے سفر میں مددگار ثابت ہوگی۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج بھارت کے ثالثی Bar کا افتتاح کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ ثالثی کو جدید دور میں تنازعوں کے حل کا ایک بنیادی پتھر مانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی تیز رفتار اقتصادی ترقی میں یہ بھارت کی ایک کلید ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ یہ تقریب دنیا میں بھارت کی طاقت اور اثر کی از سرِ نو تقسیم کی ایک علامت ہے۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ عالمی نظام میں توازن کے ازسرِ نو قیام کی صورتحال نظر آتی ہے اور بھارت کے لیے اقتصادی صلاحیتیں نئے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہیں اور اِن کی جہات فطری طور پر دنیا میں مزید وسعت اختیار کریں گی۔x

## Jaishankar India EU

وزیر خارجہ ایس جئے شنکر نے بھارت اور یورپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارت کے سمجھوتے سے متعلق مذاکرات کے امکانات اور تجارتی اور تکنیکی کونسل کے دائرے میں اشتراک کے تعلق سے پُرامیدی کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے طرفین کے درمیان اقتصادی روابط میں وسعت کو بھی اجاگر کیا ہے۔

ڈاکٹر جئے شنکر نے راجدھانی میں یورپی یونین کے قومی دن کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے بھارت - وسطی ایشیا- یورپی اقتصادی راہداری کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے کے بھارت کے موقف کو اجاگر کیا، جو پچھلے سال قائم کی گئی ہے۔ ساتھ ہی انھوں نے اِسے آگے بڑھانے کی خواہش بھی ظاہر کی۔

بھارت میں یورپی یونین کے سفیر Herve Delphin کی میزبانی میں ایک تقریب میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ یورپی یونین ہمارا سب سے بڑا اقتصادی ساجھے دار ہے۔

یہ ایک ایسا فریق ہے جس کے ساتھ کئی شعبوں میں ہمارے بہت مضبوط تعلقات ہیں۔

اُدھر یورپی یونین کے سفیر نے اپنی تقریر میں کہا کہ بھارت ایک ایسا ملک ہے جو یورپی یونین کیلئے بہت اہمیت کا حامل ہے اور یہ کہ ساجھے داری بھی مزید مستحکم ہوگی۔x

## SAARC SEC Gen India Visit

جنوب ایشیائی علاقائی تعاون کی تنظیم سارک کے سکریٹری جنرل، محمد غلام سرور بھارت کے اپنے پہلے سرکاری دورے پر  نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ جنوبی ایشیا میں اشتراک کو مزید مستحکم بنانے کا ایک موقع ہے۔

جناب غلام سرور بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آئے ہیں۔ وہ اِس دورے میں کئی لیڈروں سے ملاقات  کریں گے۔ وہ سارک کے مستقبل کے بارے میں تیسرا شکتی سنہا یادگاری لیکچر دیں گے اور جنوب ایشیائی یونیورسٹی بھی  جائیں گے۔x

## Brazil Flash Flood

برازیل میں، کل آئے تباہ کن سیلاب کے سبب 120 سے زیادہ افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے سیلاب کی سی صورتحال پیدا ہو گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ 756 زخمی افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا ہے جبکہ 141 کو لاپتہ بتایا گیا ہے۔ تلاشی اور امدادی کی کارروائی جاری ہے۔ Rio Grande Do Sul ریاست میں 20  ہزار فوجی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔سیلاب کی صورتحال کے سبب بجلی اور پانی کی صفائی کے پلانٹس کو بھی نقصان پہنچا ہے جس سے زیادہ تر باشندے پینے کے پانی اور بجلی کے بغیر زندگی گزار رہے ہیں۔ سیلاب کے گاڑھے پانی کی وجہ سے 85 ہزار سے زیادہ گھروں کو نقصان پہنچا ہے۔ 71 ہزار سے زیادہ افراد اسکولوں، کھیل کے میدانوں اور گرجا گھروں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔برازیل کے قومی محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کل تک شدید بارش جاری رہنے کی امید ہے۔ اہلکاروں نے خبردار کیا ہے کہ پانچ ڈیم

سے پانی پھوٹ پڑنے کا خطرہ ہے کیونکہ Rio Grand Do Sul میں Guaiba دریا اس ہفتے تاریخی سط پر پہنچ گیا ہے۔×

## Afghna Flash Flood

افغانستان میں اقوام متحدہ کے خوراک سے متعلق پروگرام نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہاں شدید بارش کے بعد اچانک سیلاب آنے سے مرنے والوں کی تعداد 300 تک پہنچ گئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اُس نے کہا ہے کہ موسلادھار بارش اور تباہ کن سیلاب سے شمالی اور شمال مغربی افغانستان میں بڑی تباہی ہوئی ہے۔ کُل شمالی صوبے بغلان میں ہی 62 سے زیادہ افراد کی موت ہوئی۔

اس سے پہلے طالبان کے ترجمان ذبی اللہ مجاہد نے کہا تھا کہ شدید بارش سے چار صوبوں میں سیلاب آنے سے قریب قریب تین ہزار مکان تہس نہس ہوگئے ہیں، سیکڑوں مویشی مارے گئے ہیں اور سڑکوں اور بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ زخمیوں کو ہیلی کاپٹروں کے ذریعے اسپتال پہنچایا گیا ہے اور پانی بھر جانے کی وجہ سے سڑکوں کو بند کردیا گیا ہے۔x

## Maha Heavy Rains

مہاراشٹر کے ستارا، سانگلی، بیڑ اور احمدنگر سمیت مختلف اضلاع میں شدید بارش ہو رہی ہے۔ بیڑ ضلع کے Ambajogai شہر کے لوگوں کو بارش سے راحت ملی ہے جو گذشتہ کچھ روز سے سخت گرمی کا سامنا کر رہے تھے۔ سانگلی اور Miraj شہروں میں دیہی علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ تقریباً آدھے گھنٹے تک شدید بارش ہوئی۔ اس سے معمولاتِ زندگی متاثر ہوئے اور مختلف مقامات سے پیڑ گرنے کی خبریں موصول ہوئیں۔ احمدنگر ضلع کے Srigonda Taluka میں تقریباً 30 منٹ تک تیز بارش ہوئی جبکہ ضلع کے بقیہ حصوں میں مطلع ابرآلود رہا۔ ستارا میں بھی دوپہر کے وقت تیز ہواؤں اور بجلی کے ساتھ شدید بارش ہوئی۔x

## Rev IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے تین سے چار دن کے دوران شمال مغربی، مشرقی، وسطی اور جنوبی ساحلی بھارت میں گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوگی۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ گرج چمک کی موجودہ سرگرمی کی وجہ سے ملک کے کئی حصوں میں جاری گرمی کی شدت ختم ہو گئی ہے اور اگلے تین دن تک اِس کے دوبارہ ابھرنے کی کوئی امید نہیں ہے۔ موسم سے متعلق محکمے نے کل تک اتراکھنڈ میں 60 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ اگلے تین دن تک اتر پردیش اور راجستھان میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی امید ہے۔محکمے کا کہنا ہے کہ مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر، وِدربھ، چھتیس گڑھ اور مراٹھواڑا میں اِس ماہ کی 13 تاریخ تک آندھیاں چلنے کی امید ہے۔×

## Para Power Lifting

آج تھائی لینڈ کے Pattaya میں پیرا پاور لفٹنگ عالمی کپ 2024 میں بھارت کی سکینہ خاتون نے کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔ انھوں نے خواتین کے 55 کلو زمرے میں 93 کلو وزن اٹھا کر Best Lift اور Total Lift زمروں میں یہ تمغے جیتے۔ اپنی بہترین کارکردگی کے باوجود وہ اِس کے پیرالمپک کھیلوں کیلئے اپنی جگہ پکّی نہیں کر پائیں۔ اِس سے قبل مردوں کے 65 کلو گرام تک کے زمرے میں بھارت کے اشوک مَلِک نے 197 کلو گرام وزن اٹھاکر سونے کا تمغہ جیتا جبکہ 49 کلو گرام تک کے زمرے میں پرم جیت سنگھ نے 162 کلو گرام وزن اٹھا کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ خواتین کے 67 کلو گرام تک کے زمرے میں ایک اور بھارتی خاتون کھلاڑی کستھوری راجامنی نے 105 کلو وزن اٹھاکر کانسے کا تمغہ جیتا۔x

## NIA

قومی جانچ ایجنسی NIA نے جموں خطے میں دہشت گردی پھیلانے کی پاکستان کی پشت پناہی والی سازش کے تناظر میں خطے میں آج 6 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ NIA کی ٹیموں نے جموں کے ڈوڈہ، رام بن اور کشتواڑ ضلعوں میں سرگرمی کے ساتھ تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ جموں وکشمیر میں Sticky بم، دیسی ساخت کے دھماکہ خیز حربوں اور چھوٹے ہتھیاروں سے پُرتشدد حملے کرنے کیلئے ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں اور اُن کے ذیلی گروپوں کی سازش سے وابستہ کیس کے سلسلے میں یہ کارروائی کی گئی۔Hybrid دہشت گردوں، کارکنوں، ہمدردی رکھنے والے افراد اور دہشت گرد تنظیموں سے وابستہ گروپوں اور نئی بنائی گئی ذیلی تنظیموں سے وابستہ

کیڈرس کے ٹھکانوں سے ڈیجیٹل آلات اور دستاویزات سمیت قابل اعتراض مواد ضبط کیا گیا۔ان تنظیموں میں لشکرطیبہ، جیش محمد، حزب المجاہدین، البدر اور القاعدہ شامل ہیں۔NIA نے اِن تنظیموں اور اُن کی نئی بنائی گئی ذیلی تنظیموں کے دہشت گردی کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے 21 جون 2022 کو اپنے طور پر ایک کیس درج کیا تھا۔ اِن ذیلی گروپوں میں Resistance Front، یونائیٹڈ لبریشن فرنٹ جموں وکشمیر ،مجاہدین غزوۃ الہند،جموں وکشمیر فریڈم فائٹرس،کشمیر ٹائیگرس، PAAF اور دیگر گروپ شامل ہیں۔ NIA کے مطابق ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں کا منصوبہ مقامی نوجوانوں کو شدت پسندی کے راستے پر ڈال کر اور متعلقہ کارنکوں کو اس کیلئے تیار کرکے جموں وکشمیر میں امن اور فرقے وارانہ ہم آہنگی میں خلل ڈالنے کا تھا۔x

## Covid Manipur

کئی ماہ کے وقفے کے بعد 10 مئی 2024 کو منی پور میں کووڈ 19 کے ایک نئے معاملے کا پتہ چلا ہے۔ مریض امپھال ایسٹ ضلعے کی ایک 66 برس کی خاتون ہیں۔ انہیں فی الوقت امپھال کے جواہر لعل نہرو انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز JNIMS میں علاج کے لیے رکھا گیا ہے۔ AIR RNU امپھال سے خطاب کرتے ہوئے JNIMS کے ڈائریکٹر پروفیسر L Deben Singh نے کہا کہ مریضہ کو 7 مئی کو سینے میں درد اور رعشہ کی شکایت کے ساتھ اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ چنانچہ انہیں، اسپتال کے چیسٹ وارڈ میں داخل کیا گیا ہے۔ علاج کے دوران ڈاکٹرز نے اُن کے خون کے نمونے کووڈ کی جانچ کے لیے بھی بھیجے۔ Deben کے مطابق 10 مئی کو انہیں کووڈ سے متاثر پایا گیا۔ ڈائریکٹر نے واضح لفظوں میں کہا کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے اور اسپتال پوری طرح تیار ہے۔ مریضہ کا علاج اسپتال کے مخصوص کووڈ وارڈ میں جاری ہے۔ انہوں نے عوام سے کووڈ کے ضوابط پر عمل کرنے کی اپیل کرتے ہوئے زور دیکر کہا کہ وہ غیرضروری عوامی جلسوں سے گریز کریں اور ماسک پہنیں۔ انہوں نے عوام سے یہ اپیل بھی کی کہ سوشل میڈیا پر غیرتصدیق شدہ اطلاعات پر یقین نہ کریں۔x

## Mines Kabil

کانکنی کی وزارت میں سکریٹری وی ایل کانتا راؤ نے آج نئی دلی میں Khanji Bidesh India Limited (KABIL) کے رجسٹرڈ دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے جناب راؤ نے کہا کہ دلی میں KABIL کے دفتر کا افتتاح بھارت میں کانکنی کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کی جانب مرکوز کوششوں کے ایک نئے عہد کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہارت کے تئیں استقلال کے ساتھ رواں عزم کے ساتھ KABIL بھارت کی ترقی کو صحیح رخ فراہم کرنے اور انتہائی اہم اور کلیدی معدنیات کے شعبے میں خود کفیل بننے کے سلسلے میں اہم رول ادا کرے گا اور یہ میک اِن انڈیا اور وِکست بھارت کے مقاصد کے ساتھ وابستگی اختیار کیے ہوئے ہے۔ اِس طرح بھارت مکمل طور پر صفر اخراج کے ہدف کو حاصل کرنے کی طرف رواں ہے۔KABIL کانکنی کی وزارت کے تحت، سرکاری سیکٹر کے تین مرکزی اداروں NALCO, HCL اور MECL کی جانب سے تشکیل کردہ مشترکہ Venture کمپنی ہے۔ x

## FPI Selling Spree

غیرملکی پورٹ فولیو سرمایہ کاروں FPIs کی جانب سے مئی کے مہینے میں فروخت کا رجحان رہا اور ان سرمایہ کاروں نے 17 ہزار کروڑ کی مالیت کے بھارتی حصص فروخت کی ہے۔ یہ رجحان امریکی بونڈ کے منافعوں میں اضافے اور چین اور ہانگ کانگ کی مارکٹوں میں مضبوط کارکردگی کے زیر اثر دیکھنے میں آیا ہے۔ نیشنل سکیورٹیز Depository لمیٹڈ NSDL کی جانب سے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس ماہ کی 10 تاریخ تک FPIs نے ایک لاکھ آٹھ ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے حصص خریدے اور ایک لاکھ 26 ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے حصص فروخت کیے۔ FPIs کی جانب سے اِس زبردست فروخت کے باعث اسٹاک مارکیٹوں سنسیکس اور نفٹی کے بنچ مارک میں موجودہ مہینے میں کمی آئی اور اِن میں سے ہر ایک میں دو اعشاریہ چھ فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔x

* * * * * * *